**Pakistan Tehreek-e-Insaf**
Central Media Department

# وکلاء کی جانب سے آئین کے تحت 90 روز میں انتخاب کے انعقاد کے مطالبے کا معاملہ

6 ستمبر 2023

- پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے ملکی قانونی برادری کی جانب سے 90 روز کی آئینی مدت میں انتخابات کے انعقاد کے آئینی مطالبے کی مکمل تائید
- اسمبلیوں کی قبل از وقت تحلیل کیصورت میں 90 روز میں انتخابات کا انعقاد آئین کا لازمی تقاضا ہے۔
- سپریم کورٹ انتخابات کی مدت کے حوالے سے آئین کے مذکورہ آرٹیکل کی غیر مبہم تشریح کر چکی ہے۔
- اسمبلیوں کی تحلیل کے بعد انتخابات کے 90 روز میں انعقاد پر قوم میں مکمل اتفاقِ رائے پایا جاتا ہے۔
- انتخابات کی تاریخ کے تعیّن کے حوالے سے صدرِ مملکت دستور کے تحت حاصل اختیار پر بھی اہلِ قانون کا اجماع سامنے آیا ہے۔
- حلقہ بندیوں کی آڑ میں آئین کو معطّل کرنے اور انتخابات کو التواء میں ڈالنے کی الیکشن کمیشن کی کوششوں کو پوری قوم نے مسترد کیا ہے۔
- نگران حکومت اور الیکشن کمیشن کے پاس آئین کی پامالی اور عوام کو ووٹ کے حق سے محروم کرنے کا کوئی اختیار نہیں۔

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- آئین کی جزوی یا کُلّی معطّلی آرٹیکل 6 کے تحت سنگین غداری کے زُمرے میں آتی ہے جس کی سزا دستور خود طے کرتا ہے۔
- پاکستان کو درپیش سیاسی و معاشی مسائل کا حل انتخابات کے بروقت، آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انعقاد میں پوشیدہ ہے۔
- صدرِ مملکت دستور کے تحت حاصل اپنا اختیار بروئے کار لاتے ہوئے ملک میں عام انتخابات کے انعقاد کی تاریخ کا تعیّن کریں۔
- نگران حکومت اور الیکشن کمیشن آئین سے سنگین انحراف کے ذریعے داخلی انتشار کو ہوا دینے کی بجائے صدرِ مملکت کی مقرر کردہ تاریخ پر انتخابات کا آزادانہ، منصفانہ اور غیر جانبدارانہ انعقاد یقینی بنائیں۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk